7 جولائی 2022ء

# بینکوں کو منتخب برانچیں کھلی رکھنے کی ہدایت

عیدالاضحیٰ کے موقع پر طویل تعطیلات کے دوران بالخصوص تجارت و صنعت سے وابستہ افراد اور بالعموم عوام کو بینکاری خدمات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینک / مائیکروفنانس بینک ملک بھر میں مویشی منڈیوں کے قرب وجوار، بڑے شہروں، کاروباری مراکز، تجارتی مقامات اور پورٹس وغیرہ پر اپنی منتخب برانچیں **صرف جمعہ 8 جولائی 2022ء** کو کھولیں گے۔ تاہم واضح رہے کہ مذکورہ تاریخ پر آر ٹی جی ایس اور نفٹ (NIFT) کے ذریعے کلیئرنگ دستیاب نہیں ہوگی۔ لہٰذا، کلیئرنگ کے تمام لین دین بشمول زرِمبادلہ کی تبدیلی کا تصفیہ اگلے یومِ کار یعنی بدھ 13 جولائی 2022ء کو کیا جائے گا۔

بینکوں کو چاہیے کہ مذکورہ تاریخ پر رواں طریقے سے کام کی انجام دہی کے لیے اپنی منتخب برانچوں میں کم سے کم ضروری عملہ تعینات کریں۔

********

*******